# Supplication for family

یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے:

رَبِّ نَجِّنِیْ وَ اَهْلِیْ مِمَّا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

"اے میرے رب! مجھے اور میرے گھرانے کو ان کاموں کے وبال سے نجات دے جو یہ کر رہے ہیں۔"

---

حضرت زکریا علیہ السلام نے طلب اولاد کیلئے یہ دعا مانگی تھی، جسے اللہ تعالیٰ نے قبول فرما کر حضرت یحییٰ علیہ السلام عطا فرمائے۔ طلب اولاد کیلئے یہ دعا مجرب ہے:

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾

"اے میرے پروردگار! اپنی جانب سے مجھے نیک اولاد عطا فرما، تو ہی دعا کا سننے والا ہے۔"

---

یہ زکریا علیہ السلام کی دعا ہے، طلب اولاد کے لیے یہ دعا پڑھنی چاہیے:

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾

"اے میرے پروردگار! مجھے اکیلا مت چھوڑ تو سب سے بہتر وارث ہے۔"

---

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۰﴾

"اے میرے رب! مجھے نیک اولاد عطا فرما۔"